پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

28 فروری 2019

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) کے سیکشن 35A کے تحت ہدایات ''دی سی کے پی کوآپریٹو بینک لمیٹیڈ، ممبئی، مہاراشٹر''

''دی سی کے پی کوآپریٹو بینک لمیٹیڈ، ممبئی، مہاراشٹر کو 30 اپریل 2014 کے ڈائریکٹیو کے ذریعہ ریزرو بینک نے 2 مئی 2014 کو کام کے اوقات کے بعد سے اپنی ہدایات (پابندیوں) کے تحت رکھا تھا۔ ان ہدایات کی ویلیڈٹی کو وقتاً فوقتاً متعلقہ ڈائریکٹیوز کے ذریعہ بڑھایا جاتا رہا تھا۔ پچھلی بار 27 نومبر 2018 کے ڈائریکٹیو کے ذریعہ اس کی ویلیڈٹی کو نظر ثانی کی شرط کے ساتھ 28 فروری 2019 تک کے لئے بڑھایا گیا تھا۔

اب عوام کی جانکاری کے لئے یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ ریزرو بینک آف انڈیا نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کے سب سیکشن (I) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے یہ حکم دیا ہے کہ 30 اپریل، 2014 کے ڈائریکٹیو جس میں وقتاً فوقتاً ترمیمات کی جاتی رہی ہیں اور اس میں پچھلی بار 28 فروری 2019 تک توسیع کی گئی تھی ان ہدایات میں مزید تین ماہ کے لئے توسیع کی جاتی ہے یہ ہدایات اس بینک پر لگاتار لاگو رہیں گی۔ یہ توسیع 26 فروری 2019 کے ڈائریکٹیو کے ذریعہ یکم / مارچ 2019 سے 31 مئی 2019 تک نظر ثانی کی شرط کے ساتھ کی جاتی ہے۔ 26 فروری 2019 کے ڈائریکٹیو کی ایک کاپی عوام کی جانکاری کے لئے (جس میں مندرجہ بالا توسیع کا ذکر ہے) بینک احاطہ میں مظاہرہ کے لئے رکھ دی جائے۔

اوپر بتائی گئی ہدایات میں توسیع کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہے کہ ریزرو بینک اس بینک کی مالی حالت میں بہتری سے مطمئن ہے۔

اجیت پرساد

اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز: 2059/2018-2019